# 9

# اپنے فیملی لاء کے مسائل کیلئے مدد کی تلاش

URD 009/**2014**




**تمام خواتین۔ ایک فیملی لاء۔**
**اپنے حقوق جانیئے**

flew Family Law Education for Women
Women's Right to Know
fodf Femmes ontariennes et droit de la famille
Le droit de savoir

# اپنے فیملی لاء کے مسائل کیلئے مدد کی تلاش

اس کتابچے کا مقصد آپ کو قانونی مسائل کے حوالے سے بنیادی معلومات فراہم کرنا ہے۔ یہ انفرادی قانونی صلاح و مشورے اور تعاون کا متبادل نہیں ہے۔ اگر آپ کو عائلی قوانین سے متعقلہ مسائل کا سامنا ہے توہمارا مشورہ یہ ہے کہ آپ اپنے ممکنہ اختیارات سے آگاہی حاصل کرنے اور اپنے حقوق کا تحفظ کرنے کے لیے جلد از جلد قانونی تعاون حاصل کریں۔ مزید معلومات اور وسائل کی فہرست کے لئے ہماری ویب سائٹ www.onefamilylaw.ca دیکھیں۔ ہماری ویب سائٹ www.onefamilylaw.ca پر موجود ویبینار "خاندانی قانون کے وکیل کی تلاش Looking for a Family Law) Lawyer)" دیکھنا بھی آپ کے لئے مددگار ثابت ہو سکتا ہے۔

خاندان کا ٹوٹنا، خواتین اور ان کے بچوں کے لیے ایک مشکل اور کٹھن تجربہ ہوتا ہے۔ اگر آپ اور آپ کے ساتھی کے درمیان علیحدگی ہوتی ہے تو اس صورت میں آپ کو کئی قانونی مسائل سلجھانے ہوں گے۔ آپ کو ممکنہ طور معاشی تعاون کے حوالے سے فیصلہ کرنا ہوگا، بچوں سے متعلق انتظامات کرنے ہوں گے اور خاندانی جائیداد کی تقسیم کرنا ہوگی۔ کچھ جوڑے یہ مسائل خود ہی سلجھا لیتے ہیں۔ لیکن اکثر اوقات ان مسائل سے نمٹنے کے لیے آپ کو کسی نہ کسی قسم کی مدد اور تعاون درکار ہوتا ہے۔

**اپنے لیے وکیل تلاش کرنے سے قبل** اپنی صورت حال کے حوالے سے عمومی قانونی معلومات اکٹھی کرنا مفید ثابت ہو سکتا ہے۔ درج ذیل ویب سائٹیں آپ کو اپنے قانونی حقوق، ذمہ داریوں اور اختیارات سے متعلق آگاہی فراہم کرنے کے لیے مفت قانونی معلومات پیش کرتی ہیں:

- **خواتین کے لیے عائلی قوانین کی تعلیم** (FLEW)
  www.onefamilylaw.ca
- **معلوماتی پروگرام برائے عائلی قوانین** (FLIP)
  لیگل ایڈ اونٹاریو سے دستیاب ہے
  www.legalaid.on.ca
- **کمیونٹی لیگل ایجوکیشن اونٹاریو** (CLEO)
  www.cleo.on.ca
- **آپ کے قانونی حقوق**
  www.yourlegalrights.on.ca
- **اونٹاریو منسٹری آف اٹارنی جنرل**
  www.attorneygeneral.jus.gov.on.ca

آپ عائلی قوانین، عدالتی کاروائیوں، عدالتی فارمز اور وکیل کے حوالوں سے متعلق مفت قانونی معلومات مندرجہ ذیل مقامات سے بھی حاصل کر سکتے ہیں:

- **معلوماتی مراکز برائے عائلی قوانین** - (FLIC) صوبے بھر میں عائلی عدالتوں میں دفاتر موجود ہیں
- **لیگل ایڈ فیملی لاء سروس سینٹرز** - (FLSC) موجودہ طور پر ٹورنٹو، نارتھ یارک، برامپٹن، نیو مارکیٹ، سارنیا، ونڈسر، چیٹہم اور ویلنڈ میں واقع ہیں
- **لیگل ایڈ فیملی لاء دفاتر** - موجودہ طور پر کینورا، اوٹاوا اور تھنڈر بے میں واقع ہیں

ان میں سے بعض خدمات استعمال کرنے کے لیے، آپ کو یہ ثابت کرنا پڑ سکتا ہے کہ آپ وکیل کے اخراجات برداشت نہیں کر سکتیں۔ ان خدمات کے حوالے سے مزید معلومات حاصل کرنے اور اپنے قریبی دفاتر کی تلاش کے لیے **لیگل ایڈ اونٹاریو** کی ویب سائٹ **www.legalaid.on.ca** پر جائیں یا **ٹول فری نمبر 1-800-668-8258** پر کال کریں۔

## یہ فیصلہ کرنا کہ آپ کو وکیل کی ضرورت کب ہے

ہر صورت حال میں وکیل کی ضرورت نہیں پیش آتی لیکن عائلی قوانین سے متعلق اکثر مسائل کے لیے قانونی مشورہ حاصل کرنا اہم ہے۔ اگر آپ قانونی مشورہ حاصل نہ کریں تو اس بات کا امکان ہے کہ آپ اپنے ایسے اہم حقوق سے محروم ہوجائیں جن سے آپ لاعلم ہیں۔ یہ فیصلہ کرتے وقت کہ آپ کو عائلی قوانین کے وکیل کی ضرورت درپیش ہے یا نہیں مندرجہ ذیل سوالات ذہن میں رکھیں:

- مسئلہ کتنی اہمیت کا حامل ہے؟ (کیا آپ اپنے بچے، یا اپنا گھر کھو سکتی ہیں؟ کیا آپ کے ساتھی نے آپ کے ساتھ بد سلوکی کی ہے؟)
- کیا آپ اور آپ کا ساتھی معقولیت اور اطمینان سے بات چیت کر سکتے ہیں؟ (کیا آپ کے خیال میں آپ اپنے ساتھی کے ساتھ منصفانہ حل تک پہنچ سکتی ہیں؟)
- کیا آپ اپنے ساتھی سے رابطہ کرنے کے حوالے سے پر اطمینان ہیں اور کیا ایسا کرنا محفوظ ہے؟
- کیا آپ کے ساتھی کا کوئی وکیل ہے؟
- کیا آپ عدالت جانا چاہتی ہیں؟
- کیا آپ کے پاس اتنے معاشی وسائل ہیں کہ آپ وکیل کر سکیں؟
- کیا آپ لیگل ایڈ کی اہل ہیں؟
- کیا وکیل کے علاوہ کوئی دیگر فرد آپ کی مدد کر سکتا ہے؟
- کیا آپ کچھ کام وکیل کی مدد کے بغیر اور کچھ کام وکیل کی مدد سے کر سکتی ہیں؟

## ساتھی کی بد سلوکی

**اگر آپ کے رشتے میں بد سلوکی کا عنصر شامل ہے یا تھا تو اس صورت میں ایسی خدمات موجود ہیں جو آپ کی مدد کر سکیں۔**

1. آپ **زیادتی کا شکار ہونے والی خواتین کی ہیلپ لائن** پر کال کر سکتی ہیں:
- 416-863-0511 (ٹورنٹو میں)
- 1-866-863-0511 (ٹول فری)
- 1-866-863-7868 (TTY لائن)

**یہ 24 گھنٹے کام کرنے والی ہنگامی لائن ہے** اور ان کی خدمات ہفتے کے ساتوں دن 24 گھنٹے 150 سے زائد زبانوں میں دستیاب ہیں۔ ہنگامی صورت حال میں آپ پولیس کو بھی کال کر سکتی ہیں (911 ڈائل کریں)۔

2. اگر آپ عائلی عدالت میں جا رہی ہیں تو **عائلی عدالت کے معاون کارکنان** آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔ عائلی عدالت کے معاون کارکنان عائلی عدالت میں ہونے والی عدالتی کاروائی میں ایسے افراد کی مدد کرتے ہیں جو گھریلو تشدد کا شکار ہوئے ہوں۔ عدالتی معاون کارکن:
- عائلی عدالت کی کاروائی کے حوالے سے معلومات فراہم کر سکتا ہے
- عائلی عدالت کی کاروائی کے لیے تیاری میں معاونت کر سکتا ہے
- آپ کو کمیونٹی میں موجود دیگر خصوصی خدمات اور معاونت کی طرف بھیج سکتا ہے
- حفاظتی منصوبہ بندی میں معاونت کر سکتا ہے، جیسا کہ بحفاظت عدالت میں آنا اور جانا
- بعض مقدمات کے دوران عدالتی کاروائی میں آپ کے ساتھ رہ سکتا ہے۔

اگر آپ عائلی عدالت کے معاون کارکن کی تلاش میں مدد چاہتی ہیں تو **وکٹم سپورٹ لائن** پر کال کریں:
- 416-314-2447 (ٹورنٹو میں)
- 1-888-579-2888 (ٹول فری)

3. **اگر آپ کے رشتے میں تشدد کا عنصر شامل ہے یا تھا تو یہ بھی بے حد اہم ہے کہ آپ فوری طور پر وکیل سے مشورہ کریں۔**

## عائلی قوانین کا وکیل کہاں تلاش کریں

آپ کو ایسے وکیل کا انتخاب کرنا چاہئے جو آپ کے لیے مناسب ہو۔ اس کتابچے میں موجود معلومات کسی مخصوص وکیل یا قانونی خدمت کو آزمانے کی تجویز نہیں دے رہیں۔ اگر آپ عائلی قوانین کے کسی وکیل سے واقف نہیں، تو یہ چند جگہیں ایسی ہیں جو وکیل کی تلاش میں آپ کی مدد کر سکتی ہیں:

### 1. لیگل ایڈ اونٹاریو (LAO)

لیگل ایڈ اونٹاریو، اونٹاریو میں مقیم ایسے افراد کو قانونی معاونت پیش کرتا ہے جو یہ ثابت کر سکیں کہ وہ وکیل کے اخراجات برداشت نہیں کر سکتے۔ لیگل ایڈ ہر قسم کے قانونی مسئلے میں معاونت نہیں کر سکتا، لیکن آپ عائلی قوانین کے پیچیدہ مقدموں میں ان کی مدد حاصل کر سکتے ہیں، جیسا کہ:

- تحویل، رسائی، معاونت، یا جائیداد کے سنگین جھگڑے
- تحویل، رسائی یا معاونت کے احکامات میں تبدیلی کے لیے پیچیدہ دعوے۔

لیگل ایڈ، تحفظ اطفال کے مقدموں میں بھی معاونت فراہم کر سکتا ہے۔

لیگل ایڈ اونٹاریو میں درخواست دینے کے لیے، **مرکز برائے خدمت صارف سے 1-800-668-8258** پر رابطہ کریں۔ معلومات 200 سے زائد زبانوں میں دستیاب ہیں۔ (لیگل ایڈ کی اسناد کے حوالے سے مزید معلومات کے لیے نیچے دیکھیں۔)

**a) گھریلو تشدد**

اگر آپ **تشدد یا بدسلوکی** کا شکار ہیں اور فوری طور پر قانونی مدد چاہتی ہیں تو آپ **فیملی وائلنس آتھورائزیشن پروگرام** کے ذریعے وکیل سے دو گھنٹے تک مفت صلاح و مشورہ کر سکتی ہیں۔ یہ پروگرام، خواتین کے دارالامان، کمیونٹی لیگل کلینکس، عائلی قوانین کے خدماتی مراکز **اور لیگل ایڈ مرکز برائے خدمت صارف سے 1-800-668-8258** پر رابطے کے ذریعے دستیاب ہے۔

اگر آپ فوری خطرے میں نہ بھی ہوں تب بھی لیگل ایڈ کو اس بات سے آگاہ کرنا بے حد اہم ہے کہ آپ کا/کی ساتھی بدسلوکی کرتا رہا/کرتی رہی ہے یا اب بھی کر رہا/رہی ہے۔ آپ ان سے اپنی معلومات راز میں رکھنے کی درخواست کر سکتی ہیں۔

گھریلو تشدد کی صورت میں قانونی معاونت کی اہلیت کا فیصلہ کرتے وقت لیگل ایڈ اونٹاریو اس حوالے سے اپنی کڑی شرائط میں نرمی کر دے گا کہ آپ وکیل کے اخراجات برداشت کر سکتی ہیں یا نہیں۔ تشدد یا بدسلوکی سے آگاہی لیگل ایڈ کو آپ کی قانونی ضروریات کو سمجھنے میں مدد دے گی اور ممکن ہے کہ آپ کو جلد ہی قانونی معاونت حاصل ہوجائے۔

**b) لیگل ایڈ سمری ایڈوائس سروسز**

اگر آپ کو عائلی قوانین سے متعلق مسئلہ درپیش ہے اور آپ لیگل ایڈ اونٹاریو کی کم آمدنی کی شرائط پر پورا اترتی ہیں تو آپ وکیل سے فون پر 20 منٹ تک بات چیت کر سکتی ہیں۔ **سمری ایڈوائس** اصل میں، آپ کی قانونی صورت حال سے متعلق حقائق پر مبنی وکیل کی ایک عمومی رائے ہوتی ہے۔ وکیل آپ کے ممکنہ قانونی اختیارات آپ کے علم میں لا سکتا ہے اور درپیش صورت حال میں ان اقدامات پر روشنی ڈال سکتا ہے جو آپ اٹھا سکتی ہیں۔ آپ کی وکیل سے رو برو ملاقات نہیں ہوگی اور سمری ایڈوائس کا وکیل عدالت میں آپ کی نمائندگی نہیں کر سکتا۔ یہ خدمت **1-800-668-8258** پر لیگل ایڈ اونٹاریو کو کال کر کے حاصل کی جا سکتی ہے۔ ترجمانی کی خدمات 200 سے زائد زبانوں میں دستیاب ہیں۔ کال کرنے سے قبل یہ بہتر ہے کہ آپ اپنے حقائق، دستاویزات اور سوالات تیار رکھیں۔

## 2. کمیونٹی لیگل کلینکس

آپ کا مقامی کمیونٹی لیگل کلینک آپ کو آپ کے علاقے میں موجود عائلی قوانین کے وکیل کی طرف بھیج سکتا ہے۔ بعض کمیونٹی کلینکس عائلی قوانین سے متعلق محدود خدمات فراہم کرتے ہیں۔ اونٹاریو میں 77 کمیونٹی لیگل کلینکس اور 17 سپیشیلٹی لیگل کلینکس موجود ہیں جن کی توجہ مخصوص گروہوں کو خدمات فراہم کرنے پر مرکوز ہے۔ اپنے سے قریب ترین اور بہترین کلینک تلاش کرنے کے لیے، لیگل ایڈ اونٹاریو کی مین لائن **1-800-668-8258** پر کال کریں یا **www.legalaid.on.ca** کی ویب سائٹ پر جائیں۔

## 3. جسٹس نیٹ

جسٹس نیٹ بغیر منافع کے کام کرنے والی ایک خدمت ہے جو ایسے افراد کی معاونت کرتی ہے جنہیں قانونی مشورے کی ضرورت ہو لیکن وہ لیگل ایڈ کی اہلیت نہ رکھتے ہوں۔ جسٹس نیٹ آپ کی ایسے وکیل کی تلاش میں مدد کر سکتی ہے جو کم معاوضے پر کام کرنے کے لیے راضی ہو۔ اپنے علاقے میں شریک وکیل تلاش کرنے کے لیے، ویب سائٹ **www.justicenet.ca** پر موجود ڈائریکٹری استعمال کریں یا 1-866-919-3219 (ٹول فری) پر کال کریں۔

## 4. نجی پریکٹس کرنے والے عائلی قوانین کے وکیل

نجی پریکٹس کرنے والے عائلی قوانین کے وکیل تلاش کرنے کے لیے آپ اپنے رشتے دار، دوست، کمیونٹی ایجنسی یا خواتین کے دار الامان میں موجود معاون کارکن سے تجویز طلب کر سکتے ہیں۔ آپ کا مقصد ایسا وکیل تلاش کرنا ہے جس پر آپ اعتماد کر سکیں اور جس کے ساتھ کام کرتے ہوئے آپ پراطمینان ہوں۔ صرف اس وجہ سے کہ آپ کے کسی دوست کو کوئی مخصوص وکیل پسند ہے یا آپ کے کسی رشتے دار نے کسی وکیل کا مشورہ دیا ہے یہ ضروری نہیں کہ وہ آپ کے لیے بھی مناسب وکیل ثابت ہو۔ مندرجہ ذیل خدمات نجی پریکٹس کرنے والے وکیل کی تلاش میں مدد کر سکتی ہیں:

- **لاء سوسائٹی آف اپر کینیڈا (LSUC) لائر ریفرل سروس** آپ کو اپنے علاقے میں ایسے وکیل کا نام دے سکتی ہے جو آپ کو ایک مرتبہ، آدھے گھنٹے کے لیے صلاح و مشورہ کرنے کا موقع فراہم کرے گا۔ آپ بعد ازاں اس وکیل کی خدمات حاصل کر سکتے ہیں لیکن ایسا کرنا ضروری نہیں۔
  - 416-947-3330 (ٹورنٹو میں)
  - 1-800-268-8326 (ٹول فری)
- عائلی قوانین کے سند یافتہ ماہر ان **وکیلوں کی لاء سوسائٹی آف اپر کینیڈا (LSUC) ڈائریکٹری** جو اونٹاریو میں کام کر رہے ہیں **www.lsuc.on.ca** پر۔
- **کینیڈین فیملی لاء لائرز نیٹ ورک،** وکیلوں کا ایک ایسا نیٹ ورک ہے جو عائلی قوانین کی پریکٹس کرتے ہیں۔ آپ کے شہر میں موجود رکن وکیل آپ کا نام اور نمبر ملتے ہی 24 گھنٹے کے اندر آپ سے رابطہ کرے گا۔ پہلا رابطہ خفیہ اور مفت ہوتا ہے۔ وکیل سے بات کرنے کے بعد آپ یہ فیصلہ کر سکتی ہیں کہ اس کی خدمات حاصل کرنا ہیں یا نہیں لیکن ایسا کرنا ضروری نہیں۔ آپ اپنی درخواست ان کی ویب سائٹ **www.cflln.ca** پر یا بذریعہ کال 1-888-660-4869 (ٹول فری) پر جمع کروا سکتی ہیں۔

## 5. بدسلوکی کا شکار خواتین کے لیے مقامی دار الامان بھی آپ کو عائلی قوانین کے مقامی وکیل کے پاس بھیج سکتا ہے۔

## کچہری میں مدد حاصل کرنا

اگر آپ عائلی قوانین سے متعلق مسئلے کے لیے عدالت جا رہی ہیں تو کچہری میں آپ قانونی معلومات اور مشورہ حاصل کر سکتی ہیں۔

## 1. ڈیوٹی کونسل

اگر آپ کی عدالت میں پیشی ہے اور آپ کو کسی وکیل کی خدمات حاصل نہیں تو آپ کچہری میں موجود ڈیوٹی کونسل کے وکیل سے مفت قانونی مشورہ حاصل کر سکتی ہیں۔ آپ کو یہ ثابت کرنا پڑ سکتا ہے کہ آپ وکیل کے اخراجات برداشت نہیں کر سکتیں۔ اکثر خاندانی مقدموں کی کچہریوں میں ڈیوٹی کونسل کے وکیل دستیاب ہوتے ہیں۔ وہ آپ کو عدالتی کاروائی کی تفصیلات سے آگاہ کر سکتے ہیں، عدالت کے لیے دستاویزات کی تیاری میں مدد کر سکتے ہیں یا سمجھوتے کی شرائط طے کرتے وقت معاونت کر سکتے ہیں۔ کچھ مقدموں میں آسان معاملات کے لیے ڈیوٹی کونسل عدالت میں آپ کی نمائندگی کر سکتا ہے۔

عائلی قوانین کی بعض عدالتوں میں آپ قانون کے طالب علموں سے بھی مدد حاصل کر سکتے ہیں۔ قانون کے طالب علم ان افراد کی مدد کر سکتے ہیں جن کے پاس عدالتی گوشوارے پر کرنے کے لیے وکیل موجود نہیں۔

## 2. لازمی معلوماتی پروگرامز

اگر آپ یا آپ کا/کی ساتھی خاندانی عدالت میں مقدمے کا آغاز کرتے ہیں تو آپ دونوں کو ایک معلوماتی پروگرام میں شرکت کرنا ہوگی جس میں عدالتی کاروائی کی تفصیلات سے آگاہ کیا جاتا ہے اور علیحدگی اور/یا طلاق کے تجربے سے گزرنے والے خاندانوں کو مقامی وسائل فراہم کیے جاتے ہیں۔ لازمی معلوماتی پروگرامز (MIPs)، اونٹاریو میں عائلی عدالتوں کے مقامات پر دستیاب ہیں۔ یہ معلومات لیگل ایڈ اونٹاریو کے خاندانی قانون کے معلوماتی پروگرام (FLIP) کے ذریعے آن لائن بھی دستیاب ہے **www.legalaid.on.ca**۔

## 3. خاندانی ثالثی کی خدمات

ثالثی ایک ایسا عمل ہے جس سے دونوں ساتھی اپنے اختلافات، کمرہ عدالت سے باہر حل کر سکتے ہیں، اور اس کے لیے ثالث کی خدمات حاصل کی جاتی ہیں جو کوئی تیسرا فریق ہوتا ہے اور وہ دونوں ساتھیوں کے لیے قابل اعتماد اور قابل قبول ہوتا ہے۔ حکومت اونٹاریو میں تمام خاندانی عدالتوں میں ثالث فراہم کرتی ہے۔ یہ خدمات کچہری میں دستیاب ہوتی ہیں اور ایسے مقدموں کے لیے مفت ہوتی ہیں جن کی اسی دن عدالت میں پیشی ہو۔

اگر آپ یا آپ کا/کی ساتھی لیگل ایڈ کی کم آمدنی کی شرائط پر پورا اترتے ہوں تو لیگل ایڈ اونٹاریو بھی مفت ثالثی کی خدمات فراہم کرتا ہے۔ آپ لیگل ایڈ کی ثالثی کی خدمات کے لیے بعض کچہریوں، عائلی قوانین کے خدماتی مراکز اور عائلی قوانین کے معلومات مراکز پر درخواست دے سکتے ہیں۔

اگر آپ ثالث کا معاوضہ ادا کرنے کے قابل ہیں تو کئی نجی ثالثی خدمات بھی موجود ہیں۔

**اگر رشتے میں تشدد کا عنصر موجود تھا یا اب بھی ہے تو ہمیشہ ثالثی کی تجویز نہیں دی جاتی۔**

ثالثی کے حوالے سے مزید معلومات کے لیے آپ ”اختلافات کا متبادل حل اور خاندانی قانون (Alternative Dispute resolution and Family Law)“ کا مطالعہ کر سکتے ہیں یا ویبینار بعنوان ”اختلاف، عدالت یا دوسرا راستہ؟: خاندانی اختلافات نمٹانے کے مختلف طریقہ کار (Conflict, Court or Another Way?: Different Ways to resolve a Family Dispute)“ دیکھ سکتے ہیں، دونوں چیزیں FLEW کی ویب سائٹ www.onefamilylaw.ca پر دستیاب ہیں۔

## اپنے عائلی قوانین کے وکیل کا معاوضہ کیسے ادا کریں

### 1. لیگل ایڈ اونٹاریو (LAO) – اسناد

وکیل کی خدمات حاصل کرنے کا مطلب ہے پیسے خرچ کرنا۔ اگر آپ وکیل کے اخراجات برداشت نہیں کر سکتیں تو اونٹاریو کی حکومت وکیل کا معاوضہ ادا کرنے میں آپ کی مدد کر سکتی ہے۔ عائلی قوانین سے متعلق بعض مسائل کے لیے، وکیل کی خدمات کے معاوضے کی ادائیگی میں معاونت حاصل کرنے کے لیے آپ لیگل ایڈ اونٹاریو (LAO) میں **لیگل ایڈ سرٹیفیکیٹ** کی درخواست دے سکتی ہیں۔

سند (سرٹیفیکیٹ) ایک واؤچر (وعدہ) ہوتا ہے جو یہ ضمانت دیتا ہے کہ گھنٹوں کی مقررہ تعداد میں آپ کی نمائندگی کرنے کی صورت وکیل کو میں لیگل ایڈ کی جانب سے معاوضہ دیا جائے گا۔ گھنٹوں کی تعداد آپ کی قانونی ضروریات کے پیش نظر مقرر کی جاتی ہے اور سند پر اس کی نشاندہی ہوتی ہے (بعض اوقات مزید گھنٹوں کا اضافہ بھی کیا جا سکتا ہے)۔ بعض اوقات لیگل ایڈ اونٹاریو آپ کو اس شرط پر سند دیتی ہے کہ آپ ان کو معاوضے کی رقم واپس کر دیں گی۔

اگر آپ لیگل ایڈ کی سند کے لیے لیگل ایڈ اونٹاریو کی شرائط پر پورا اترتی ہیں تو آپ اس سند کو اپنے منتخب کردہ وکیل کی خدمات حاصل کرنے کے لیے استعمال کر سکتی ہیں۔ تمام وکلاء لیگل ایڈ کی اسناد قبول نہیں کرتے۔ جب آپ وقت لینے کے لیے رابطہ کریں تو اسی وقت تسلی کر لیں کہ مذکورہ وکیل لیگل ایڈ کا کام کرتا ہے یا نہیں۔

**اگر آپ کے ساتھی نے آپ کے ساتھ بد سلوکی یا زیادتی کی ہو،** تو آپ دو گھنٹے کے مفت قانونی مشورے کے لیے لیگل ایڈ سند حاصل کر سکتی ہیں۔ یہ سند حاصل کرنے کے لیے آپ کو اپنی قلیل آمدن کا ثبوت دینے کی ضرورت نہیں۔

آپ کو لازمی طور پر ایک گوشوارہ پر کرنا ہوگا جس کا نام ہے **"ایڈوائس لائر فیملی وائلنس اتھارائزیشن"** اور یہ گوشوارہ آپ چند کمیونٹی لیگل کلینکس، خواتین کے دار الامان، عائلی قوانین کے خدماتی مراکز یا براہ راست لیگل ایڈ کو کال کر کے حاصل کر سکتی ہیں۔

مزید معلومات، یا لیگل ایڈ کی سند کی درخواست کے لیے آپ لیگل ایڈ کے عائلی قوانین کے کسی بھی خدماتی مراکز میں خود جا کر درخواست جمع کروا سکتی ہیں، یا **www.legalaid.on.ca**، پر ویب سائٹ پر دیکھ سکتی ہیں یا ان نمبروں پر کال کر سکتی ہیں:

- 416-979-1446 (ٹورنٹو میں)
- 1-800-668-8258 (ٹول فری)
- 1-866-641-8867 (TTY کے لیے)

## 2. نجی پریکٹس کرنے والے وکلاء

اگر آپ لیگل ایڈ سند کی حامل نہیں اور آپ خود ہی وکیل کے اخراجات ادا کر رہی ہیں تو یہ سمجھنا بے حد ضروری ہے کہ وکیل آپ کا بل کس حساب سے بنا رہا ہے۔ کام کا آغاز کرنے سے **قبل**، یقینی بنائیں کہ وکیل کن چیزوں کا معاوضہ لے گا، آپ کے مقدمے پر تقریباً کتنے اخراجات آئیں گے، اور آیا ادائیگی کے مختلف طریقہ کار موجود ہیں یا نہیں۔ عمومی طور پر وکیل اپنے صرف کردہ وقت کا **معاوضہ** طلب کرتے ہیں، اور آپ کے مقدمے پر کام کرتے ہوئے اٹھنے والے دیگر اخراجات کو ان میں شامل کر دیتے ہیں جیسا کہ فوٹو کاپی اور عدالتی اخراجات وغیرہ۔ **(ادا کردہ رقوم)**۔

کسی بھی وقت اپنے بل کی تفصیلات جاننا آپ کا حق ہے۔ جیسے جیسے آپ اپنے مقدمے میں آگے بڑھتی ہیں، یہ جاننا بہتر ہوتا ہے کہ وکیل کس طرح آپ کا بل تیار کر رہا ہے، اور آپ کو یہ بل کب ادا کرنا ہوگا۔ کچھ وکلاء "تدریجی پیمانے" پر کام کرنے کے لیے راضی ہوتے ہیں، جس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ اگر آپ کی آمدن قلیل ہے تو وہ کم معاوضہ طلب کریں گے۔

## ایک وکیل میں کون سی خصوصیات دیکھنا چاہئیں

جب آپ کسی نئے وکیل سے رابطہ کریں تو اس سے یہ ضرور دریافت کریں کہ اسے عائلی قوانین کا تجربہ ہے یا نہیں۔ وکیل میں درج ذیل خوبیوں کی موجودگی بھی اہم ہے:

- آپ بدسلوکی کا شکار ہوئی ہوں تو اسے گھریلو تشدد کے مقدمات سے نمٹنے کا تجربہ ہو
- غور سے سنتا ہو
- معاملات کی ایسے انداز میں وضاحت کرتا ہو جو آپ کی سمجھ میں آ سکے
- آپ کے سوالات کے جوابات دیتا ہو
- مشورہ دیتا ہو لیکن خاندانی مسئلے کے حوالے سے آپ کی خواہشات کا احترام کرتا ہو
- معاونت کے لیے اگر آپ کسی دیگر شخص کو ساتھ لائیں تو اسے کوئی مسئلہ نہ ہو
- اگر آپ کو ضرورت درپیش ہو تو ترجمان کی تلاش میں آپ کی مدد کرے
- آپ کو جلد بازی میں نہ ڈالے
- تھوڑے دنوں میں آپ کی کال کا جواب دے دیتا ہو
- اپنے معاوضے کے حوالے سے واضح ہو
- اگر آپ کے پاس لیگل ایڈ کی سند موجود ہو تو اسے قبول کرے
- آپ کی معذوری کا خیال رکھے
- آپ کے کہنے پر اپنے دفتر سے باہر بھی آپ سے ملاقات کر لے
- اگر ضروری ہو تو آپ کو اپنے بچوں کو دفتر میں لانے کی اجازت دے

وکیل کے ساتھ فون کالوں اور ملاقاتوں کے لیے ذہنی طور پر تیار اور منظم رہیں۔ سوالات پوچھیں اور یقینی بنائیں کہ جوابات آپ کی سمجھ میں آ رہے ہیں۔ اہم نکات یاد رکھنے کے لیے ہو سکتا ہے آپ نوٹس لینا چاہیں یا کسی ایسے شخص کو اپنے ساتھ وکیل کے دفتر جانے کے لیے کہیں جس پر آپ کو بھروسہ ہو۔ یقینی بنائیں کہ وہ شخص ایسا ہو جس کے سامنے آپ کھل کر اور ایمانداری سے بات کرنے میں جھجک محسوس نہ کریں اور آپ کو یقین ہو کہ وہ آپ کی معلومات راز میں رکھے گا۔

اپنے وکیل کی جانب سے بہت سے سوالات کا سامنا کرنے کے لیے تیار رہیں۔ اپنے وکیل سے سچ بولنا بے حد اہم ہے۔ اگر آپ کے ساتھی نے کبھی آپ کے ساتھ زیادتی یا بدسلوکی کی ہو تو آپ کو چاہئے کہ اپنے وکیل کو آگاہ کریں۔ جتنی زیادہ معلومات اپنی صورت حال کے حوالے سے اپنے وکیل کو دیں گی اتنے ہی بہتر طریقے سے وہ آپ کی مدد کر سکے گا۔

اگر آپ فرانسیسی زبان میں زیادہ بہتر طریقے سے کام کر سکتی ہیں تو آپ **"فرانسیسی زبان میں خدمات اور عائلی قوانین"** کا مطالعہ کرسکتی ہیں، جو FLEW کی ویب سائٹ، www.onefamilylaw.ca **پر موجود ہے** یا Femmes ontariennes et droit de la famille کی ویب سائٹ پر جائیں **www.undroitdefamille.ca**۔

• اس مواد میں پیش کردہ آراء FLEW کی اپنی آراء ہیں اور لازمی نہیں کہ یہ صوبائی حکومت کی آراء کی عکاسی کریں۔

• اگرچہ اس مواد کی طباعت کے لیے لاء فاؤنڈیشن آف اونٹاریو کی جانب سے معاشی تعاون کیا گیا ہے، تاہم یہ ضروری نہیں کہ یہ مواد فاؤنڈیشن کے خیالات کی عکاسی کرے۔

قریبی رشتے کے ختم ہونے کی صورت میں تشدد کا امکان زیادہ ہوتا ہے۔ اگر آپ کو فوری خطرہ درپیش ہو تو 911 پر کال کریں۔ اگر کوئی ایسا شخص خطرے میں ہو جسے آپ جانتے/جانتی ہوں تو تعاون کے حصول کی خاطر معلومات حاصل کرنے کے لیے FLEW کی ویب سائٹ پر جائیں۔

اگر آپ فرینکوفون (فرانسیسی بولنے والی) خاتون ہیں اور اونٹاریو میں رہائش پذیر ہیں تو آپ کو عائلی قوانین سے متعلق عدالتی کاروائی کے لیے فرانسیسی زبان کی خدمات کے حصول کا حق حاصل ہے۔ اپنے حقوق کے حوالے سے مزید معلومات حاصل کرنے کے لیے وکیل، کمیونٹی لیگل کلینک یا 1-877-336-2433، TTY 1-866-860-7082 پر فیمیڈ سپورٹ سے رابطہ کریں۔

فرانسیسی زبان میں خدمات تک رسائی حاصل کرنے کے حوالے سے مزید معلومات آپ کو ہماری ویب سائٹ www.onefamilylaw.ca یا www.undroitdefamille.ca سے مل سکتی ہے۔

## دستیاب فیملی لا کے موضوعات*

1. جھگڑے کا متبادل حل اور خاندانی قانون (URD 001)
2. بچوں کی حفاظت اور فیملی لا ء (URD 002)
3. بچوں کی امداد (URD 003)
4. مجرم اور فیملی لاء (URD 004)
5. نگرانی اور ملاقات (URD 005)
6. گھریلو معاہدے (URD 006)
7. فیملی لاء ثالثی (URD 007)
8. مہاجرین، پناہ گزین اور بلا حیثیت عورتوں کے فیملی لاء کے مسائل (URD 008)
9. **اپنے فیملی لاء کے مسائل کیلئے مدد کی تلاش** (URD 009)
10. فیملی لاء میں جائداد کیسے تقسیم ہوتی ہے (URD 010)
11. شادی اور طلاق (URD 011)
12. زوجی خرچه (URD 012)

*یہ کتابچہ کئی فارمیٹس اور زبانوں میں دستیاب ہے۔ براہ مہربانی مزید معلومات کے لیے www.onefamilylaw.ca دیکھیں۔ آپ ویب سائٹ پر اضافی مواد بھی دیکھ سکتی ہیں جس سے آپ کو عائلی قوانین کے تحت اپنے حقوق سمجھنے میں مدد مل سکتی ہے۔

flew Family Law Education for Women
Women's Right to Know

fodf Femmes ontariennes et droit de la famille
Le droit de savoir